دوسرا ون ڈے: پاکستان انڈر 19 ٹیم کی 78 رنز سے جیت، آزان اویس کی سنچری

چٹوگرام، 8 مئی 2023

پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے بنگلہ دیش انڈر 19 کو دوسرے ون ڈے میں 78 رنز سے شکست دیدی۔

اسطرح اسے پانچ میچوں کی سیریز میں دو صفر کی برتری حاصل ہوگئی ہے۔ پاکستان انڈر 19 نے پہلا ون ڈے 9 وکٹوں سے جیتا تھا۔

ظہور احمد چوہدری اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں میزبان ٹیم نے ٹاس جیت کر پاکستان کو بیٹنگ دی۔ پاکستان انڈر 19 نے مقررہ 50 اوورز میں 271 رنز بنائے۔

پاکستانی اننگز کی خاص بات آزان اویس کی شاندار سنچری تھی جنہوں نے 125 گیندوں پر پندرہ چوکوں کی مدد سے 105 رنز اسکور کیے۔ انہوں نے پہلے ون ڈے میں بھی عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 69 رنز اسکور کیے تھے۔ کپتان سعد بیگ نے 51 رنز بنائے ان کی اننگز میں چار چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔
آزان اویس اور سعد بیگ نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 126 رنز کا اضافہ کیا۔ شامل حسین 33۔ اور عامر حسین 29 رنز اسکور کرنے میں کامیاب رہے۔

بنگلہ دیش انڈر 19 کی طرف سے اقبال حسین ایمون نے 72 رنز دے کر 4 اور مظفر رحمن نے 52 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں بنگلہ دیش انڈر 19 ٹیم 47 اوورز میں 193 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ شہاب جیمز 42 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ عادل بن صدیق نے 40 رنز بنائے۔

پاکستان انڈر 19 کی طرف سے محمد اسمعیل نے دس اوورز میں 46 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ ایمل خان۔ علی اسفند اور عرفات منہاس نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

آزان اویس کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial